سوال

(352) صرف ایک ماہ کیلیئے ظہار

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے اپنی بیوی سے یہ کہا کہ تو ایک ماہ کیلیئے میری ماں کی طرح ہے' جب مہینہ گزر گیا تو اس نے بیوی سے پھر سے تعلق استوار کر لیا' اس صورت میں اس کیلیئے ظہار کا کفارہ لازم ہو گا یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

علما کے صحیح ترین قول کے مطابق اس طرح کی صورت میں ظہار کا کفارہ نہیں ہے جب کہ اس نے مذکورہ ماہ میں مقاربت نہ کی ہو' اس صورت کو ظہار موقت کہا جاتا ہے۔ اہل علم نے ذکر کیا ہے کہ ظہار کی تین قسمیں ہیں۔ 1- منجز' 2- معلق اور 3- موقت۔ ان میں سے پہلے کی مثال جس طرح یہ کہے کہ ''تو میری ماں کی پشت کی طرح ہے'' دوسرے کی مثال جس طرح یہ کہے کہ ''جب رمضان یا شعبان شروع ہو گا یا فلاں شخص آئے گا تو میری کیلیئے ماں کی پشت کی طرح ہے'' اور تیسرے کی مثال یہ ہے کہ یوں کہے کہ ''تو ماہ رمضان میں میرے لیئے میری ماں کی پشت کی طرح ہے'' اس صورت میں اگر ماہ ختم ہو جائے اور وہ مقاربت نہ کرے تو اس پر کوئی کفارہ لازم نہ ہو گا کیونکہ اس میں اس نے پانی بات کی خلاف ورزی نہیں کی۔ ظہار کی ان قسموں کو ابو محمد موفق الدین عبداللہ بد قدامہؒ نے اپنی کتاب ''المغنی'' میں ذکر کر کے ان کے بارے میں اہل علم کا کلام ذکر فرمایا ہے' علاوہ ازیں دیگر اہل علم نے بھی ان قسموں کو بیان کیاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

کتاب الظہار: جلد 3 صفحہ 332

محدث فتویٰ